حفاظتی ٹیکوں کے بعد کی دیکھ بھال: شیر خوار اور چھوٹے بچے

اگلے چند دنوں میں کیا متوقع ہے اور اپنے بچے کی دیکھ بھال کے متعلق جانئے

بعض حفاظتی ٹیکوں کے بعد آپکے بچے پر مضر اثرات ہو سکتے ہیں

بخار اور سردی

تھکاوٹ اور سر درد

پٹھوں اور جوڑوں کا درد


ٹیکہ لگنے والی جگہ پر درد، لالی، اور سوجن
کورونا کے حفاظتی ٹیکے کے 7 دن بعد تک ہو سکتی ہیں۔


بات بات پر روٹھنا، رونا، بے چینی، اور بھوک میں کمی

ایم ایم آر اور ویریسیلا کے حفاظتی ٹیکے لگوانے کے ایک دو ہفتوں بعد: بخار، خارش، اور دیگر ضمنی اثرات مرتب ہو سکتے ہیں

متلی، الٹی، اور اسہال

ناک کے سپرے والے انفلوئنزا (فلو) ویکسین کے بعد ناک بند ہونا اور ناک بہنا

کورونا کے حفاظتی ٹیکے کے بعد بغل کے نیچے سوجھی ہوئی گلٹیاں (لمف نوڈز)

اکثر ضمنی اثرات ہلکے ہوتے ہیں اور ایک دو دن میں ختم ہو جاتے ہیں

حفاظتی ٹیکوں کے مخصوص ضمنی اثرات کیلیئے، HealthLinkBC کی فائلز ملاحظہ کریں
immunizebc.ca/immunization-schedules/children

اگلے صفحات پر ملاحظہ کریں:

بہتر محسوس کرنے میں، میں اپنے بچے کو کس طرح مدد کر سکتا ہوں؟

مفید ادویات

طبّی امداد کب حاصل کی جائے

简体中文 (آسان چینی)، 繁體中文 (روایتی چینی)، فارسی (فارسی)، 한국어 (کورین)، ਪੰਜਾਬੀ (پنجابی) اور دوسری زبانوں میں دستیاب ہے

British Columbia | ImmunizeBC
BC Centre for Disease Control
Provincial Health Services Authority

بہتر محسوس کرنے میں، میں اپنے بچے کو کس طرح مدد کر سکتا ہوں؟

ٹیکے والی جگہ پر درد اور سوجن کیلئے:

- ☑ اس جگہ پر ایک ٹھنڈا، گیلا کپڑا یا لپیٹا ہوا آئس پیک لگائیں۔
- ☑ اپنے بچے کے بازو یا ٹانگ کو دن میں متعدد بار حرکت دیں۔
- ☑ بچے کے آرام میں مد دکیلئے دوا دیں (نیچے ملاحظہ کیجئے)۔

بخار کیلئے:

- ☑ بچے کو آرام کرنے دیں۔
- ☑ بچے کو بہت سارے سیال پلائیں۔
- ☑ بچے کو ہلکے کپڑے پہنائیں۔
- ☑ بچے کا بخار کم کرنے اور آرام کیلئے دوا دیں (نیچے ملاحظہ کیجئے)۔

جسم کا حصہ	نارمل رینج	بخار
بغل	36.5-37.5 °C	≥ 37.6 °C
منہ*	35.5-37.5 °C	≥ 37.6 °C
کان	35.8-38 °C	≥ 38.1 °C
مقعد**	36.6-38 °C	≥ 38.1 °C

نوٹ: پیشانی کے تھرمامیٹر سے پیمائش غلط ہو سکتی ہے۔

* 5 سال سے کم عمر بچوں کیلئے استعمال نہ کریں۔
** مقعد تھرمامیٹر صرف اس صورت میں استعمال کریں اگر ایسا کرنا آپ کیلئے آسان ہو اور کسی میڈیکل پروفیشنل نے آپ کومحفوظ طریقے سے استعمال کرنا سکھایا ہو۔

بخار اور درد میں مدد کیلئے ادویات

بخار کم کرنےکیلئے ہمیشہ ادویات کی ضرورت نہیں ہوتی۔ یہ درد دور کرنے کیلئے اور آپ کے بچے کے زیادہ آرام کیلئے استعمال ہو سکتی ہیں۔

سٹور سے ملنے والی دو قسم کی عام دوائیں ہیں جو آپ دے سکتے ہیں:

- **Acetaminophen**، جیسے ®Infant or Children's Tylenol۔
- **Ibuprofen**، جیسے چلڈرن ®Advil۔
  اگر آپ کے بچے کی عمر 6 ماہ سے کم ہے تو ibuprofen استعمال نہ کریں جب تک کہ آپ کا ڈاکٹر آپ کو نہ کہے۔

کاؤنٹر پر دستیاب ادویات کے استعمال کیلئے حفاظتی نکات

- ☑ لیبل پر دی گئی تمام احتیاطی ہدایات غور سے پڑھیں اور ان پر عمل کریں۔ مجوزہ مقدار سے زیادہ نہ دیں۔
- ☑ 18 سال سے کم عمر کے بچوں کو ASA (Aspirin®) نہ دیں۔

طبّی امداد کب حاصل کی جائے

بخار کیلیئے

حفاظتی ٹیکے کے بعد بخار عام چیز ہے۔ لیکن بعض اوقات، بخار کسی دوسری بیماری کی ابتدائی علامت ہو سکتا ہے جس کا تعلق ویکسین سے نہ ہو۔

اگر آپ کا بچے کو ذیل کی علامات میں سے کوئی بھی ہو تو فوری طور پر طبّی امداد حاصل کریں:

- ☑ بچے کی عمر 3 ماہ سے کم ہے اور اسے بخار ہے۔
- ☑ بچہ 12-3 ماہ کا ہے اور 39°C یا اس سے زیادہ بخار ہے یا 1 دن سے زیادہ بخار ہے
- ☑ بچے کی عمر 2 سال سے کم ہے اور 2-1 دن سے زیادہ بخار ہے۔
- ☑ بچے کی عمر 2 سال سے زیادہ ہے اور 3 دن سے زیادہ بخار ہے۔

طبّی امداد حاصل کرنے کی دیگر وجوہات

حفاظتی ٹیکوں کے بعد سنگین ضمنی اثرات کا احتمال بہت کم ہوتا ہے۔ لیکن اگر ایسا ہو تو فوری اقدامات کی ضرورت ہے۔

اگر آپ کے بچے کو درج ذیل علامات ہیں تو فوری طور پر طبّی امداد حاصل کریں:

- ☑ شدید الرجک رد عمل کی علامات (مثال کے طور پر،جلد پر چھالے، سانس لینے میں دشواری، یا گلے، زبان، یا ہونٹوں میں سوجن)۔ اگر کلینک سے باہر جانے کے بعد ایسا ہوتا ہے، تو 911 یا اپنے مقامی ایمرجنسی نمبر پر کال کریں۔
- ☑ دورہ پڑا ہے۔ اگر دورہ 3 منٹ سے زیادہ رہتا ہے یا اگر آپ کا بچہ 6 ماہ سے کم ہے، تو 911 پر کال کریں۔
- ☑ کورونا کا حفاظتی ٹیکہ لگوانے کے بعد اُن کو سینے میں درد، سانس لینے میں دشواری، یا دل کی دھڑکن میں تیزی یا بے ترتیبی کا احساس ہو۔
- ☑ روٹا وائرس کی ویکسین لگنے کے بعد بار بار الٹی،پھولا ہوا پیٹ، یا پاخانے میں خون کی آمیزش ہے۔
- ☑ دیگرتشویشناک علامات۔ (مثال کے طور پر، ڈی ہائڈریٹڈ ہے، کھاتا پیتا نہیں ہے، شدید قے یا اسہال ہے، کمزور ہے، پیلا ہے، جاگنا مشکل ہے، یا زیادہ دیر تک مسلسل یا معمول سے زیادہ دیر تک روتا ہے)

حفاظتی ٹیکوں کے بعد کسی بھی سنگین اوریا غیر متوقع ضمنی اثرات کی اطلاع اپنے حفاظتی ٹیکوں کے کلینک یا صحت کی دیکھ بھال فراہم کرنے والوں کو دیں۔

اپنے بچوں کے حفاظتی ٹیکوں کا ریکارڈ یہاں
healthgateway.gov.bc.ca دیکھیں۔